SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ 1990
SINDH ACT NO.V OF 1990
سندھ اسمبلی میمبرز (تنخواہ اور مراعات) (ترمیم)، ایکٹ، 1990
THE SINDH ASSEMBLY MEMBERS (SALARIES AND ALLOWANCES) (AMENDMENT) ACT, 1990
فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
2. 1974 سندھ ایکٹ XXVI کی دفعہ 3 کی ترمیم
Amendment of Section 3 of Sindh Act XXVI of 1974
3. 1974 سندھ ایکٹ XXVI کی دفعہ 4 کی ترمیم
Amendment of Section 4 of Sindh Act XXVI of 1974
4. 1974 سندھ ایکٹ XXVI میں دفعہ 5-A کی شمولیت
Insertion of Section 5-A in Sindh Act XXVI of 1974
5. 1974 سندھ ایکٹ XXVI میں دفعہ 6 کی ترمیم
Amendment of Section 6 of Sindh Act XXVI of 1974
6. 1974 سندھ ایکٹ XXVI میں دفعہ 6-B کی شمولیت
Insertion of Section 6-B in Sindh Act XXVI of 1974
7. 1974 سندھ ایکٹ XXVI کی دفعہ 7 کی ترمیم
Amendment of Section 7 of Sindh Act XXVI of 1974

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ 1990
SINDH ACT NO.V OF 1990
سندھ اسمبلی میمبرز (تنخواہ اور مراعات) (ترمیم) ایکٹ، 1990

THE SINDH ASSEMBLY MEMBERS (SALARIES AND ALLOWANCES) (AMENDMENT) ACT, 1990

[6 جولائی 1990]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ اسمبلی میمبرز (تنخواہیں اور مراعات) ایکٹ، 1974 میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ اسمبلی میمبرز (تنخواہیں اور مراعات) ایکٹ، 1974 میں ترمیم کرنا ضروری ہوگیا ہے؛

جس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس ایکٹ کو سندھ اسمبلی میمبرز (تنخواہیں اور مراعات) (ترمیم) ایکٹ، 1990 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

1974 سندھ ایکٹ XXVI کی دفعہ 3 کی ترمیم
Amendment of Section 3 of Sindh Act XXVI of 1974

2. سندھ اسمبلی میمبرز (تنخواہیں اور مراعات) ایکٹ، 1974 میں، جس کو اس کے بعد بھی ایکٹ ہی کہا جائے گا۔ اس کی دفعہ 3 میں الفاظ ''دو ہزار'' کے لئے الفاظ ''دو ہزار'' اور ''پانچ سو'' کا متبادل بنایا جائے گا۔

1974 سندھ ایکٹ XXVI کی دفعہ 4 کی ترمیم
Amendment of Section 4 of Sindh Act XXVI of 1974

3. بیان کئے گئے ایکٹ کی دفعہ 4 میں ، الفاظ ''ایک سو اور پچاس'' کے لئے الفاظ ''تین سو'' سے متبادل بنایا جائے گا۔

1974 سندھ ایکٹ XXVI میں دفعہ 5-A کی شمولیت
Insertion of Section 5-A in Sindh Act XXVI of 1974

4. بیان کئے گئے ایکٹ میں دفعہ 5 کے بعد نئی دفعہ شامل کی جائے گی۔

(مفت سفر) ''5-A (1) سال کے دوران ایک میمبر کو پچیس ہزار روپے کی قیمت کے ایسے وائوچر دینے جائیں گے تا کہ وہ پاکستان کے اندر کسی بھی وقت پر ہوائی یا ریل کے رستے خو د کرایہ دینے کے بغیر

سفر کر سکتا ہے۔
بشرطیکہ کہ اگر کوئی شخص سال کے دوران میمبر بنتا ہے تو ان کے وائوچرز کی قیمت اسی نسبت سے کم کی جائے گی۔
(2) جو میمبر واوچرز نہیں لینا چاہتا تو اس کوان وائوچرز کی جگہ پر بیس ہزار روپے کا الائونس دیا جائے گا۔
(3) اگر کوئی وائوچر جو ذیلی دفعہ (1) کے تحت میمبر کو دیا گیا ہے اسے میمبر کے خاندان کی طرف سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔
(4) میمبر کی طرف سے اسے زیلی دفعہ (1) کے تحت فراہم کیا گیا وائوچر کسی سفر کے مقصد کے لئے استعمال کسی بھی صورت میں اس ایکٹ کے تحت ایسا الائونس حاصل کرنے والے کا حق متاثر نہیں ہوگا۔
وضاحت:
اس دفعہ کے مقصد کے لئے ''خاندان'' سے مراد شریک حیات اور اولاد اور ''میمبر'' میں اسپیکر ، ڈپٹی اسپیکر، وزیر، وزیراعلیٰ کا مشیر، وزیراعلیٰ کا خاص معاون پارلیامنٹری سیکریٹری اور اپوزیشن کے سربراہ شامل ہیں۔''

سندھ ایکٹ 1974 XXVI میں دفعہ 6 کی ترمیم
Amendment of Section 6 of Sindh Act XXVI of 1974

4-A. بیان کئے گئے ایکٹ کی دفعہ 6 کی شق (b) میں الفاظ ''پانچ سو روپے'' کے الفاظ ''دو ہزار روپے'' کو متبادل بنایا جائے گا ؛

سندھ ایکٹ 1974 XXVI میں دفعہ 6-B کی شمولیت
Insertion of Section 6-B in Sindh Act XXVI of 1974

4-B. بیان کئے گئے ایکٹ میں دفعہ 6-A کے بعد نئی دفعہ شامل کی جائے گی۔
''6-B. ممبر کو ماہانہ ایک (آفیس مینٹینس الائونس)
ہزار اور پانچ سو روپے آفس مینٹینس الائونس کی مد میں دیئے جائیں گے۔''

سندھ ایکٹ 1974 XXVI کی دفعہ 7 کی ترمیم
Amendment of Section 7 of Sindh Act XXVI of 1974

5.بیان کئے گئے ایکٹ کی دفعہ 7 کی شق (a) میں، الفاظ ”دو ہزار“ کے الفاظ کو ”تین ہزار“ کا متبادل بنایا جائے گا۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔